بے حد خوشی کا اظہار کیا۔

* ۱۸ر اپریل۔ مولانا مصطفےٰ احسن صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی جو بحرین میں اہم دینی خدمات انجام دے ہیں۔ دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ رات کا قیام دارالعلوم میں کیا۔ صبح شیخ الحدیث مدظلہ اور مدیر الحق سے ملاقات کی۔ اور واپس تشریف لے گئے۔

* مولانا سمیع الحق کی مصروفیات | صالح خانہ چراٹ میں ایک دینی مدرسہ کے سالانہ امتحانات کی تقریب میں مولانا سمیع الحق صاحب نے شرکت کی۔ اور نماز جمعہ میں علاقہ بھر سے آئے ہوئے لوگوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب فرمایا۔ صالح خانہ چراٹ کے اس مدرسہ کو دارالعلوم حقانیہ کے فضلا کی خدمات حاصل ہیں۔ بحمداللہ مدرسہ احسن طریقہ سے دینی خدمات انجام دے رہا ہے۔

* ۲۰ر اپریل۔ مصری بانڈہ کے مدرسہ حفظ القرآن کے امتحانات میں شرکت کی اور نماز جمعہ کے اجتماع سے خطاب فرمایا

* ۲۷ر اپریل۔ جامعہ اسلامیہ تنگی کے سالانہ اجلاس میں شرکت کی۔ اور نماز عصر کے بعد ایک عظیم اجتماع سے خطاب فرمایا۔ جامعہ اسلامیہ تنگی کو دارالعلوم حقانیہ کے اولین و قدیم فضلا کی خدمات حاصل ہیں۔ مولانا حبیب اللہ صاحب حقانی اور ان کے رفقاء کے مخلصانہ خدمات کا نتیجہ ہے۔ کہ آج جامعہ اسلامیہ تعلیم و تدریس اور تربیت و انتظام کے لحاظ سے ایک معیاری مدرسہ بن چکا ہے۔ جامعہ اسلامیہ کے پروگرام سے فارغ ہو کر مولانا سمیع الحق رات کو ترنگ زئی پہنچے جہاں انہوں نے جامعہ محمودیہ کی تقریب دستار بندی میں شرکت کی۔ اور علاقہ کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب بھی فرمایا۔

سالانہ امتحانات | ۲۵ر اپریل سے دارالعلوم حقانیہ کے سالانہ تقریری و تحریری امتحانات کا سلسلہ شروع ہوا جو آٹھ دن تک جاری رہا۔ ۵ر مئی سے وفاق المدارس العربیہ کے بورڈ کے امتحانات میں شرکت کرنے والے دورۂ حدیث اور نچلے درجوں کے طلبار کے امتحانات شروع ہوئے۔ اور ہفتہ بھر جاری رہے۔ ان دنوں وفاق کے امتحانات کے سلسلہ میں دارالعلوم کے اساتذہ بھی کراچی اور چارسدہ وغیرہ کے مختلف مدارس میں امتحانات کی نگرانی وغیرہ میں مصروف رہے۔


افغانستان پر روسی جارحیت اور موتمر المصنفین کی اہم پیشکش
روسی الحاد
پس منظر و پیش منظر
موتمر المصنفین
اہم ابواب کی ایک جھلک جو بطور مثال پیش کئے جا رہے ہیں
بلاشبہ اس موضوع پر ایک مستند اور تحقیقی کتاب
آج ہی طلب فرمائیں
موتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور پاکستان